# E-Content

Instructional Media Centre
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad - 32
T.S. India

## Subject / Course – Commerce

**Paper** : Accountancy-I

Module Name/Title : Final Accounts

| DEVELOPMENT TEAM | |
|---|---|
| **CONTENT** | Dr. Md Sadat Shareef |
| **PRESENTATION** | Dr. Md. Sadat Shareef |
| **PRODUCER** | Rafiq-ur-Rahaman |

Instructional Media Centre
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad - 32
T.S. India
//imcmanuu

**Solution :**

| | Rs. | Rs. |
|---|---|---|
| Sales | 5,00,000 | |
| Less Sales Returns | 10,000 | |
| Net Sales | | 4,90,000 |
| Less Cost of Goods Sold; | | |
| Opening Stock | 20,000 | |
| Add Purchases | 3,00,000 | |
| | 3,20,000 | |
| Less Purchases Returns | 5,000 | |
| | 3,15,000 | |
| Add Carriage Inwards | 3,000 | |
| Freight Inwards | 5,000 | |
| Clearing Charges | 22,000 | |
| | 3,45,000 | |
| Less Closing Stock | 40,000 | 3,05,000 |
| Gross Profit | | 1,85,000 |

**ٹریڈنگ اکاونٹ کا نمونہ Form of Trading Account :** ۔

خام منافع کی مساوات ٹریڈنگ اکاونٹ کی مساوات بھی کہلاتی ہے۔ یہ مساوات ٹریڈنگ اکاونٹ کی تیاری کی اساس بنتی ہے۔ ٹریڈنگ اکاونٹ کے لیجر میں کسی دوسرے اکاونٹ کی طرح دو جانبیں (sides) ہوتے ہیں۔۔ ڈیبٹ جانب اور کریڈٹ جانب۔ اوپنگ اسٹاک، خرید (بعد منہائی ریٹرنس) اور تمام راست مصارف ٹریڈنگ اکاونٹ کی ڈیبٹ جانب بتلائے جاتے ہیں جبکہ فروخت (بعد منہائی ریٹرنس) اور کلوزنگ اسٹاک کریڈٹ جانب بتلائے جاتے ہیں۔ خام منافع بطور آخری مد ڈیبٹ کی جانب ظاہر ہوتا ہے جو در حقیقت کریڈٹ کی جانب کی میزان کا ڈیبٹ کی جانب کی میزان پر اضافہ ہے۔ تاہم اگر ڈیبٹ کی جانب کی میزان کریڈٹ کی جانب کی میزان سے بڑھ جائے یعنی اضافہ ہو جائے تب اس سے بطور خام نقصان کے برتاؤ کیا جاتا ہے۔ یہ ٹریڈنگ اکاونٹ کی ڈیبٹ جانب بطور آخری مد بتایا جاتا ہے۔ اس طرح معلوم کیا گیا خام منافع Gross profit / خام نقصان Gross Loss پرافٹ اور لاس اکاونٹ (Profit and loss account) کو منتقل کیا جاتا ہے۔ ٹریڈنگ اکاونٹ کے نمونہ کے لئے شکل 7.1 پر نظر ڈالیے۔

BC-001 17.08.2015

## چند اہم نکات

1. **خرید (Purchases)** :۔ یہ مد (item) برائے فروخت مال کی خرید سے منسوب ہے اور نقد و ادھار دونوں خرید مال (Purchases) اس میں شامل ہیں اثاثہ جات جیسے مشینری، فرنیچر وغیرہ کی خریدی جو کہ کاروبار میں مستقل استعمال کے لئے ہوتی ہے اس خرید میں شامل نہیں کی جاتی۔ ٹریڈنگ اکاونٹ میں درج کی جانے والی رقم، خرید کی خالص رقم ہوگی۔ (یعنی بعد منہائی خریدواپسی یعنی بیرونی واپسی کے)۔ اگر مالک کاروبار نے کچھ مال اپنے ذاتی استعمال کے لئے تجارت سے نکلوایا ہے تو اس کو جملہ خرید سے منہا کردینا چاہیئے۔

2. **فروخت (Sales)** :۔ اس میں مال کی نقد اور ادھار دونوں قسم کی فروخت شامل ہوتی ہے اور یہ فروخت کی خالص رقم سے منسوب ہے (یعنی بعد منہائی فروخت واپسی یعنی اندرونی واپسی کے)۔ پرانے فرنیچر، کار، مشینری وغیرہ کی فروخت اس فروخت میں شامل نہیں کی جاتی۔ اسی طرح پرانے اخبارات کی فروخت وغیرہ بھی اس فروخت سے علحدہ کردی جاتی ہے ایسے مدات پرافٹ اور لاس اکاونٹ میں بطور متفرق آمدنی (Miscellaneous income) بتائے جاتے ہیں۔

3. **اجرت (Wages)** :۔ اجرتوں (wages) سے عموماً بطور ایک راست خرچ Direct Expense عمل کیا جاتا ہے اس لئے اس کو ٹریڈنگ اکاونٹ میں بتلایا جاتا ہے۔ مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب اجرتوں کو تنخواہوں (ایک بالواسطہ خرچ Indirect Expense) سے جوڑ دیا جاتا ہے اور ٹرائل بیلنس میں "اجرتوں اور تنخواہوں" کے لئے واحد رقم یکجا یا شامل کردی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں اس رقم کو تجارتی کھاتہ میں بتایا جاسکتا ہے۔ یہ اس مفروضہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے کہ اس مد میں فیکٹری ہی کہ نگران کار عملے تنخواہیں شامل ہیں۔ لیکن اگر ٹرائل بیلنس کی مد "تنخواہیں اور اجرتیں" رکھی جاتی ہے تب اس مفروضہ کے تحت کہ اس مد میں صرف دفتری عملے کی اجرتیں ہی شامل ہیں اس کو پرافٹ اور لاس اکاونٹ میں لے لیا جائے گا۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ قائم اثاثہ جات کی خرید یا عمارت کی تعمیر کے سلسلے میں ادا کی گئی اجرتیں ٹریڈنگ اکاونٹ پر عائد نہیں کی جانی چاہئیں۔ ان کو متعلقہ قائم اثاثہ کی لاگت میں شامل کرلیا جاتا ہے۔ اجرتوں کے تعلق سے ایک دوسرا اہم پہلو یہ بھی ہے جس کی صراحت ہونی چاہیئے۔ اگر ایک مینو فیکچرنگ اکاونٹ تیار کیا جارہا ہے تو فیکٹری مزدوروں کو ادا شدہ اجرتیں مینو فیکچرنگ اکاونٹ میں ڈیبٹ کی جائیں گی جس کے تعلق سے آپ اس اکائی میں آگے سیکھیں گے۔

4. **فریٹ Freight** (جہاز کا کرایہ)، کیاریج Carriage (مصارف حمل و نقل) اور کارٹیج Cartage (بار برداری) :۔ مال کی خرید کے سلسلے میں جب ان مدات سے متعلق اخراجات ادا کئے جاتے ہیں تو یہ ٹریڈنگ اکاونٹ میں بتلائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے فریٹ اور کیریج کو علی الترتیب بطور "اندرونی فریٹ Freight Inwards" اور "بیرونی کیاریج Carriage outwards" کہتے ہیں۔ بیرونی فریٹ کا تعلق فروخت سے ہوتا ہے۔ اس لئے ان کو پرافٹ اور لاس اکاونٹ میں ڈیبٹ پر لیجاتے ہیں۔

5. **رائلٹی (حق ایجاد و اختراع) Royalties** :۔ رائلٹی منسوب ہوتی ہے ایسی ادائیوں سے جو حق طباعت (Copy Right) یا (محفوظ شدہ حق اجارہ داری Patent) کے استعمال پر ادا کی جاتی ہیں۔ رائلٹی کی رقم عام طور پر مقدار پیداوار پر منحصر ہوتی ہے۔ اس لیے اس سے بطور ایک راست خرچ عمل کیا جاتا ہے اور اس کو ٹریڈنگ اکاونٹ پر عائد کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر یہ فروخت شدہ مقدار کی بنیاد پر شمار کیا جائے جیسا کہ کتابوں کے معاملہ میں کیا جاتا ہے' تو معدنیات کے استخراج Extraction of Minerals جیسے کوئلہ، ہیرا، سونا وغیرہ کے لئے بھی رائلٹی حکومت کو ادا کی جاتی ہے۔ یہ رائلٹی کان کنی Mining کمپنیوں کے پرافٹ اور لاس اکاونٹس پر عائد کی جاتی ہے۔ رائلٹی کی اکاونٹنگ کے تعلق سے ایک علحدہ نصاب کے تحت آپ بعد میں سیکھیں گے۔

## 7.3.2 پرافٹ اور لاس اکاونٹ (نفع و نقصان کھاتہ) Profit & Loss Account

ٹریڈنگ اکاونٹ کی تیاری سے خام منافع دریافت کرنے کے بعد ایک بیوپاری خالص نفع / خالص نقصان معلوم کرنے کے مقصد سے پرافٹ اور

چند اہم نکات:۔

1. رینٹ، ریٹس اور ٹیکس **Rent, Rates and Taxes** :۔ مکان جائیداد پر بلدی اداروں کی جانب سے عائد کردہ چارجس charges ہیں۔ پرافٹ اور لاس اکاونٹ کو ڈیبیٹ کیا جانے والا بالواسطہ مصارف کا یہ ایک عام مد ہے۔

2. انشورنس **Insurance** :۔ عام طور پر نقصان کے خطرے جیسے آگ سے تحفظ کے لئے اثاثہ جات کا انشورنس (Insurance) کروایا جاتا ہے۔ انشورنس کمپنی کو اداشدہ قسط سے بطور کاروباری صرفہ عمل کیا جانا چاہیے۔ جب اثاثہ جات جیسے فیکٹری کی عمارت، فیکٹری کی مشینری وغیرہ انشورنس کروائے جاتے ہیں ٹریڈنگ اکاونٹ کو انشورنس قسط سے ڈیبٹ کیا جانا چاہیے دوسری جانب اگر دفتری عمارت، دفتری فرنیچر وغیرہ جیسے اثاثہ جات کو انشورنس کروانے پر قسط ادا کی جائے تو اس کو پرافٹ اور لاس اکاونٹ پر عائد کیا جانا چاہئیے۔

3. ناقابل وصول قرض **Bad debts** :۔ ناقابل وصول قرض اس رقم کو ظاہر کرتے ہیں جو ان دین داروں سے جنہیں مال ادھار میں فروخت کیا گیا تھا' بازیاب نہیں کی جاسکی۔ یہ ایک نقصان ہے۔ اس لئے اس کو پرافٹ اور لاس اکاونٹ میں ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔ آپ ان سے تعلق کئے جانے والے طرز عمل کے بارے میں اکائی 8 میں بھی سیکھیں گے۔

4. فرسودگی **Depreciation** :۔ فرسودگی سے مراد قائم اثاثہ جات کی قدر و قیمت میں نارمل ٹوٹ پھوٹ (wear and tear) سے بتدریج تخفیف ہوتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ ہر قائم اثاثہ جیسے مشینری، فرنیچر، گاڑی وغیرہ کے مسلسل استعمال کی وجہ سے اس کی قدر و قیمت میں کمی ہوتی ہے۔ ان کی قدر و قیمت میں اس طرح کی کمی کاروبار کے لئے ایک نقصان ہے اس لئے یہ پرافٹ اینڈ لاس اکاونٹ پر عائد کی جاتی ہے۔ تاہم اگر مینو فیکچرینگ اکاونٹ (پیداواری کھاتہ) بھی تیار کیا جارہا ہو تو مشینری اور فیکٹری عمارت پر فرسودگی اُس کھاتہ پر عائد کی جاتی ہے جبکہ دفتری عمارت، دفتری فرنیچر اور دفتری آلات وغیرہ پر فرسودگی پرافٹ اینڈ لاس اکاونٹ پر عائد کی جاتی ہے۔

5. تجارتی مصارف **Trade Expenses** :۔ یہ مد کاروبار میں برداشت کئے گئے متفرق چھوٹے چھوٹے صرفہ کی نمائندگی کرتی ہے۔ ان کو عام طور پر چھوٹے مصارف یا متفرق مصارف بھی کہا جاتا ہے۔

6. پیاکنگ **Packing** :۔ سپردگی یا حوالگی کے لئے پیاکنگ کی اشیاء جیسے پولیتھن بیاگس، لپیٹنے کی اشیاء وغیرہ کی لاگت ایک تقسیمی صرف (distribution expense) ہے اور اس لئے پرافٹ اور لاس اکاونٹ پر عائد کیا جاتا ہے۔ جہاں اشیاء کو بازار میں فروخت کیلئے موزوں بنانے کے سلسلے میں پیاکنگ ضروری ہوتی ہے جیسے کہ سگریٹ، بسکٹ، ادویات، تیل وغیرہ کے معاملہ میں تو اس کو "پیاکنگ Packing" کہا جاتا ہے اور اس کو ٹریڈنگ اکاونٹ پر عائد کیا جاتا ہے۔

7. نمونے **Samples** :۔ عام طور پر فروخت میں اضافہ کرنے کے لئے تیار مال کے نمونے بغیر کسی معاوضہ کے مفت تقسیم کئے جاتے ہیں۔ ایسے نمونوں کی لاگت سے بطور مصارف فروخت عمل کیا جاتا ہے۔

8. انکم ٹیکس **Income - Tax** :۔ یہ ایک فرد کی جانب سے اس کی کاروباری آمدنی پر ادا طلب ہوتا ہے ایک تنہا تجارتی کاروبار کی صورت میں پروپرائٹر کی جانب سے اس کے کاروباری منافعوں پر ادا طلب محصول ہے۔ بطور ایک ذاتی خرچ عمل کیا جاتا ہے اس لئے اس کو ڈرائینگس میں جمع کردیا جانا چاہئیے یا راست طور پر کیاپٹل سے منہا کردینا چاہیے۔

INSTRUCTIONAL MEDIA CENTRE * MANUU
IMC LIBRARY
Hyderabad-34.

## 7.3.3 کلوزنگ انٹریز اختتامی اندراجات) Closing Entries)

اکائی 2 میں آپ نے سیکھا ہے کہ تمام رسمی کھاتے Nominal Accounts جو مصارف اور آمدنیوں کے مدات کی نمائندگی کرتے ہیں حسابی سال کے ختم پر ٹریڈنگ اکاونٹ یا پرافٹ اور لاس اکاونٹ کو منتقل کرتے ہوئے بند کردیئے جاتے ہیں۔ایسی منتقلی کے لئے جو جرنل انٹریز لکھی جاتی ہیں وہ "کلوزنگ انٹریز" کہلاتی ہیں۔ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ مصارف و نقصانات سے متعلق کھاتے ہمیشہ ڈیبٹ بیلنس بتاتے ہیں جب کہ وہ کھاتے جو آمدنیوں کی نمائندگی کرتے ہیں ہمیشہ کریڈٹ بیلنس بتاتے ہیں۔ایک ایسا کھاتہ بند کرنے کے لئے جو ایک ڈیبٹ بیلنس بتاتا ہے اور جس کو ٹریڈنگ اکاونٹ کو منتقل کیا جاتا ہے۔ ہم اس متعلقہ کھاتہ کو ایک ایسی رقم سے جو کہ اس کے بیلنس کے مساوی ہوتی ہے کریڈٹ کرتے ہیں اور ٹریڈنگ اکاونٹ کو ڈیبٹ کرتے ہیں۔ مثلاً اندرونی کیاریج اکاونٹ -/6,000 روپے کا ایک ڈیبٹ بیلنس بتاتا ہے۔اس کے لئے ایک مندرجہ ذیل کلوزنگ انٹری ہوگی۔

| | | Rs. | Rs. |
|---|---|---|---|
| Trading A/c | Dr. | 6,000 | |
| To Carriage inwards A/c | | | 6,000 |

اسی طرح ایک کھاتہ جو ایک کریڈٹ بیلنس بتاتا ہے ایک ایسی رقم سے کہ جو اس کے بیلنس کے مساوی ہوتی ہے ڈیبٹ کرتے ہوئے بند کریں گے اور تجارتی کھاتہ یا نفع و نقصان کھاتہ، جیسی بھی صورتحال میں ہو کریڈٹ اندراج کریں گے۔ کلوزنگ انٹریز جرنل پراپر (journal proper) میں لکھی جاتی ہیں اور ٹریڈنگ اور پرافٹ اور لاس اکاونٹ تیار کرنے کے لئے ایسے اندراجات کا لکھنا ضروری ہوتا ہے۔مدات کی ٹریڈنگ اکاونٹ کو منتقلی کے سلسلے میں حسب ذیل اندراجات ضروری ہوتے ہیں :

1. Trading Account — Dr.
   - To Stock Account (opening)
   - To Purchases Account
   - To Sales Returns Account
   - To Direct Expenses Accounts
   - (to be credited individually)

2. Sales Account — Dr.
   Purchases Returns Accounts — Dr.
   Stock Account (closing) — Dr.
   - To Trading Account

3. Trading Account — Dr
   - To Profit and Loss Account
   - (For gross profit)

نوٹ : اگر خام نقصان ہو تو کلوزنگ انٹری اوپر کی انٹری کے بالکل برعکس ہوگی۔ جب خام منافع یا خام نقصان کے لئے کلوزنگ انٹری لکھی جاتی ہے تو ٹریڈنگ اکاونٹ از خود بند ہو جاتا ہے۔مدات کی پرافٹ اور لاس اکاونٹ کو منتقلی کے سلسلے میں ضروری اندراجات حسب ذیل ہیں۔

1. Profit and Loss Account — Dr.
   - To Expenses/Losses Accounts
   - (to be credited individually)

(iv) تمام راست مصارف ۔۔۔۔۔۔۔۔اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کیے جاتے ہیں۔

(v) نقصان سرقہ (چوری) کو پرافٹ اور لاس اکاؤنٹ میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا جاتا ہے۔

(vi) اجرتیں اور تنخواہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اکاؤنٹ پر عائد کی جاتی ہیں۔

5. ذیل میں دیئے گئے اعداد سے فروخت شدہ مال کی لاگت Cost of Goods Sold دریافت کیجئے۔

| | | Rs. |
|---|---|---|
| Direct expenses | راست مصارف | 8,000 |
| Opening stock | اوپننگ اسٹاک | 12,000 |
| Purchases | خرید | 80,000 |
| Interest paid | اداشدہ سود | 500 |
| Closing stock | کلوزنگ اسٹاک | 10,000 |

## 7.4 بیلنس شیٹ، تختہ اثاثہ جات وواجبات Balance Sheet

ٹریڈنگ اینڈ پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ تیار کرتے ہوئے خالص منافع یا خالص نقصان معلوم کرنے کے بعد فائنل اکاؤنٹس کی تیاری میں آخری مرحلہ بیلنس شیٹ تیار کرنے کا ہوتا ہے۔ بیلنس شیٹ کا مقصد کسی کاروبار کی فینانشیل پوزیشن (مالیاتی حیثیت) دریافت کرنا ہے یعنی یہ جاننا ہے کہ ایک مقررہ تاریخ پر کاروبار کی جانب کتنی رقم اداطلب ہے اور وہ کیا ملکیت رکھتا ہے۔ پس بیلنس شیٹ حسابی سال کے اختتام پر کاروبار کے تمام اثاثہ جات اور واجبات بتاتا ہے

آپ جانتے ہیں کہ فائنل اکاؤنٹس، ٹرائل بیلنس سے تیار کیے جاتے ہیں۔ ٹرائل بیلنس میں ظاہر ہونے والے مصارف اور آمدنی کے تمام مدات ٹریڈنگ اور پرافٹ اور لاس اکاؤنٹ کو منتقل کیے جاتے ہیں۔ باقی مدات جو شخصی (Personal) اور حقیقی (Real) کھاتوں کے بیلنس کی نمائندگی کرتے ہیں بیلنس شیٹ میں بتائے جاتے ہیں۔ ڈیبٹ بیلنس بتانے والے کھاتے اثاثہ جات کی اور کریڈٹ بیلنس بتانے والے کھاتے، واجبات کی نمائندگی کرتے ہیں۔

خاکہ 7.3 پر نظر ڈالیئے اور غور کیجئے کہ کس طرح متفرق اثاثے جات وذمہ داریاں بیلنس شیٹ میں ظاہر ہوتے ہیں۔

Figure 7.3 Balance Sheet of as on ..................

| Liabilities ذمہ داریاں/واجبات | Amount | Assets اثاثے جات | Amount |
|---|---|---|---|
| **Current Liabilities** رواں ذمہ داریاں | **Rs.** | **Current Assets** رواں اثاثہ جات | **Rs.** |
| Bank Overdraft بنک اوورڈرافٹ | ........ | Cash in hand زرنقد (ہاتھ میں) | ........ |
| Bills Payable اداطلب بلس | ........ | Bills Receivable وصول طلب بلس | ........ |
| Sundry Creditors متفرق لین دار | ........ | Cash at Bank زر بینک | ........ |
| | ........ | Sundry Debtors متفرق دین دار | ........ |
| | | Closing Stock اختتامی اسٹاک | |
| **Long-term Liabilities** طویل مدتی واجبات | | | |
| Loan قرضے | ........ | Investments سرمایہ کاری | ........ |
| Mortagages رہن | ........ | Fixed Assets قائم اثاثے | ........ |
| Capital کیاپیٹل | | Vehicles گاڑیاں | ........ |
| Balance بیلنس | | Furtinure فرنیچر | ........ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Add Net Profit * | | Plant & Machinery<br>پلانٹ اور مشینری | ........ |
| Less Drawings | | Land & Buildings<br>زمین اور عمارتیں | ........ |
| | ........ | Goodwill ساکھ | ........ |
| | -------- | | -------- |
| | ........ | | ........ |
| | -------- | | -------- |

آپ کو یہ جاننا چاہیئے کہ بیلنس شیٹ وقت کے ایک خاص لمحہ پر نہ کہ ایک معیاد پر مالیاتی حیثیت دریافت کرنے کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ پس بیلنس شیٹ کا عنوان ہمیشہ ....... Balance sheet as on یعنی ........ پر بیلنس شیٹ (عموماً حسابی سال کی آخری تاریخ) پڑھا جاتا ہے۔ اثاثہ جات کی میزان (Total) ہمیشہ واجبات کی میزان کے مساوی ہونا چاہیئے۔ آپ اس مساوات کے بارے میں اکائی (1) میں سیکھ چکے ہیں۔ تاہم اگر میزانات برابر نہ ہوں تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ فائنل اکاونٹس کی تیاری کے دوران کچھ غلطیاں سرزد ہو گئی ہیں۔ آپ کو تمام مدوں سے کئے گئے طرز عمل بشمول حسابی پہلو کی دوبارہ جانچ کرنی چاہیئے اور جہاں بھی ضروری ہو تصیح کرنی چاہیئے تاکہ بیلنس شیٹ کے میزانات مساوی ہو جائیں

**اثاثہ جات Assets** :۔ یہ اصطلاح ''اثاثہ جات'' کاروبار کے معاشی وسائل (جائیداد و املاک) بشمول تمام رواں (Current) اور قائم Fixed اثاثہ جات کو ظاہر کرتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ رواں اثاثہ جات وہ اثاثہ جات ہیں۔ جن کی وصولیابی کی ایک سال کی مدت (نارمل آپریٹنگ سائیکل) میں توقع کی جاسکتی ہے۔ اور جن میں کیش، اسٹاک، دین دار، واجب الوصول بلس، مختصر مدتی، انوسٹ منٹس وغیرہ شامل ہیں۔ برخلاف اس کے قائم اثاثہ جات سے مراد وہ اثاثہ جات ہیں جن کو کاروبار میں ایک طویل مدت میں استعمال کے لیے حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ اثاثے مشینری اور فرنیچر کی مانند مرئی (Tangible) یا ساکھ (Goodwill) اور پیٹنٹس (Patents) وغیرہ کی مانند غیر مرئی اثاثے ہو سکتے ہیں۔ ان اثاثہ جات میں چند مصارف اور نقصانات بھی شامل ہیں جو مکمل طور پر قلمزد نہیں کئے گئے ہیں۔ ان مصارف کی مثالیں ہیں مصارف قیام، کاروبار حصص اور ڈبینچرس کی اجرائی پر مصارف، تشہیر پر مصارف کی وہ رقم جو قلمزد نہیں کی گئی ہوں وغیرہ۔ یہ بیلنس شیٹ میں ''اثاثے جات'' کے تحت بطور آخری مد بتائے جاتے ہیں۔

**واجبات / Liabilities**:۔ اصطلاح ''واجبات'' کاروبار کے اثاثہ جات کے خلاف تمام (دعوے) مطالبات کو چاہے وہ بیرونی افراد (لین داروں) کے ہوں یا وہ کاروبار کے مالکین کے ہوں ظاہر کرتی ہے۔ بیرونی افراد کے مطالبات کی ذیلی تقسیم (i) رواں واجبات Current Liabilities اور (ii) طویل مدتی واجبات Long term Liabilities میں کی جاسکتی ہے۔ بیلنس شیٹ میں یہ علحدہ علحدہ طور پر بتائی جاتی ہیں (دیکھیئے 7.3) رواں واجبات وہ ہیں جن کی ایک سال کے اندر یا (نارمل آپریشنل سائیکل) ادائی کرنا ضروری ہے یا ادائی کے امکانات رہتے ہیں۔ طویل مدتی واجبات وہ مد ہیں۔ جیسے قرضے جو مستقبل قریب میں ادا کیے جانے والے نہیں ہیں۔ مالک کا مطالبہ سال کے دوران خالص منافع اور ڈرائینگس کی رقم کی مطابقت کرنے کے بعد بطور سرمایہ بتایا جاتا ہے۔

تمثیل 7 پر نظر ڈالیئے اور دیکھیے کہ دیے گیے بیلنس (balances) کی فہرست سے کس طرح بیلنس شیٹ کو تیار کیا جاتا ہے۔